## سوال

(209)ماں اسلامی لباس پر ملامت کرے تو لڑکی کیا کرے ؟

## جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

میں مسلمان لڑکی ہوں۔ ایک کمپنی میں ملازمت کرتی ہوں اور کوشش کرتی ہوں کہ اسلامی لباس زیب تن کیے رکھوں لیکن میری ماں مجھے ہمیشہ اس پر ملامت کرتی رہتی ہے اور کہتی ہے یہ قدیم روایت ہے۔ اب تجھے موجودہ زمانے کے مطابق پہننا چاہیئے ورنہ تجھے ملازمت سے جواب مل جائے گا۔ اب ایسے حالات میں میرے لئے کیا حکم ہے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیكم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

اللہ تعالی آپ کے دین پر قائم رہنے کے اس جذبے کو قائم رکھے اور اس میں مزید قوت پیدا کرے۔ آپ جیسی بہنوں کو چاہیئے کہ وہ اپنی استطاعت کے مطابق قرآن وسنت کی روشنی میں والدین یا ماں کو مطمئن کریں اور اگر اس کے باوجود مطمئن نہ ہوں تو ان کو حضورﷺ کا یہ فرمان سنا دیں :

''لا طاعة المخلوق فی معصیة الخالق'' (مشکوۃ للالبانی کتاب الامارۃ والقضاء ص ۱۰۹۲ رقم الحدیث ۳۶۹۶)

''کہ اللہ تعالی کی نافرمانی کے لئے مخلوق میں سے کسی کی بات بھی نہیں مانی جائے گی چاہے۔ والدین ہی کیوں نہ ہوں۔ ہاں دوسرے معاملات میں والدین سے اچھا سلوک جاری رکھیں۔''

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

ص456

محدث فتویٰ